اور عورتوں کو اور ظالموں کو ہلاکت کے سوا کسی چیز میں نہ بڑھا۔''(28)

آیاتها ۲۸ — ۷۲ سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ ۴۰ — رکوعاتها ۲

سورہ جن مکی ہے اس میں اٹھائیس آیات اور دو رکوع ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ساتھ نام	اللہ کے	وسیع رحمت والا	نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

قُلۡ	اُوۡحِىَ	اِلَىَّ	اَنَّهُ	اسۡتَمَعَ	نَفَرٌ
کہہ دو	وحی کی گئی	میری طرف	یقیناً	کان لگا کر سنا	ایک گروہ نے

کہہ دو کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ یقیناً جنوں کے ایک گروہ نے کان لگا کر غور سے سنا

مِّنَ الۡجِنِّ	فَقَالُوۡۤا	اِنَّا	سَمِعۡنَا	قُرۡاٰنًا	عَجَبًا ۙ﴿۱﴾
جنوں میں سے	تو انہوں نے کہا	یقیناً ہم نے	سنا	قرآن	عجیب

تو اُنہوں نے کہا کہ یقیناً ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے۔(1)

يَّهۡدِىۡۤ	اِلَى	الرُّشۡدِ	فَاٰمَنَّا	بِهٖ ؕ	وَلَنۡ
راہ نمائی کرتا ہے	طرف	ہدایت کی	تو ایمان لائے ہم	اس پر	اور ہرگز نہیں

جو ہدایت کی طرف راہ نمائی کرتا ہے تو ہم اس پر ایمان لائے ہیں

نُّشۡرِكَ	بِرَبِّنَاۤ	اَحَدًا ۙ﴿۲﴾	وَّاَنَّهٗ	تَعٰلٰى
ہم شریک کریں گے	اپنے رب کے ساتھ	کسی ایک کو	اور یقیناً	بہت بلند ہے

اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں کریں گے۔(2)

جَدُّ	رَبِّنَا	مَا	اتَّخَذَ	صَاحِبَةً	وَّلَا	وَلَدًا ۙ﴿۳﴾
شان	ہمارے رب کی	نہیں	اُس نے بنائی	کوئی بیوی	اور نہ	کوئی اولاد

اور یقیناً ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے، اُس نے نہ کوئی بیوی بنائی اور نہ کوئی اولاد۔(3)

وَّاَنَّهٗ	كَانَ	يَقُوۡلُ	سَفِيۡهُنَا	عَلَى اللّٰهِ	شَطَطًا ۙ﴿۴﴾
اور یقیناً وہ	ہیں	کہتے رہے	ہمارے نادان	اللہ تعالیٰ کے بارے میں	زیادتی کی بات

اور یقیناً ہمارے نادان اللہ تعالیٰ کے بارے میں زیادتی کی بات کہتے رہے ہیں۔(4)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَّاَنَّا	ظَنَنَّآ	اَنْ	لَّنْ	تَقُوْلَ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ
اور یقیناً	ہم نے سمجھا تھا	یہ کہ	ہرگز نہیں	کہیں گے	انسان	اور جن

اور یقیناً ہم نے یہی سمجھا تھا کہ انسان اور جن

عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا ۝٥	وَّاَنَّهٗ	كَانَ	رِجَالٌ	مِّنَ الْاِنْسِ
اللہ تعالیٰ کے بارے میں	جھوٹ	اور یقیناً وہ	تھے	کچھ لوگ	انسانوں میں سے

اللہ تعالیٰ کے بارے میں ہرگز جھوٹ نہیں بولیں گے۔(5)اور یقیناً انسانوں میں سے

يَعُوْذُوْنَ	بِرِجَالٍ	مِّنَ الْجِنِّ	فَزَادُوْهُمْ	رَهَقًا ۝٦
پناہ پکڑتے	بعض مردوں کی	جنات میں سے	تو انہوں نے بڑھا دیا ان کو	سرکشی میں

کچھ لوگ جنات میں سے بعض لوگوں کی پناہ پکڑتے تھے تو اُنہوں نے جنوں کو سرکشی میں بڑھا دیا۔(6)

وَّاَنَّهُمْ	ظَنُّوْا	كَمَا	ظَنَنْتُمْ	اَنْ	لَّنْ
اور یقیناً وہ	انہوں نے گمان کیا	جیسا کہ	تمہارا گمان تھا	یہ کہ	ہرگز نہیں

اور یقیناً اُنہوں نے بھی وہی گمان کیا جیسا کہ تمہارا گمان تھا

يَّبْعَثَ	اللّٰهُ	اَحَدًا ۝٧	وَّاَنَّا	لَمَسْنَا	السَّمَآءَ
اُٹھائے گا	اللہ تعالیٰ	کسی ایک کو	اور یقیناً ہم نے	ہاتھ لگایا	آسمان کو

کہ اللہ تعالیٰ کسی کو بھی نہیں اُٹھائے گا۔(7)اور یقیناً ہم نے آسمان کو ہاتھ لگایا

فَوَجَدْنٰهَا	مُلِئَتْ	حَرَسًا	شَدِيْدًا	وَّشُهُبًا ۝٨
تو ہم نے پایا اس کو	بھر دیا گیا	پہرے سے	سخت	اور چمکدار شعلوں سے

ہم نے اسے اس طرح پایا کہ وہ سخت پہرے اور چمکدار شعلوں سے بھر دیا گیا۔(8)

وَّاَنَّا	كُنَّا	نَقْعُدُ	مِنْهَا	مَقَاعِدَ	لِلسَّمْعِ ؕ
اور یقیناً ہم	تھے	بیٹھا کرتے	اس کی	کئی جگہوں میں	سننے کے لیے

اور یقیناً ہم اُس کی کئی جگہوں میں باتیں سننے بیٹھا کرتے تھے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَمَنْ	يَّسْتَمِعِ	الْاٰنَ	يَجِدْ	لَهٗ	شِهَابًا
تو جو کوئی	کان لگاتا ہے	اب	وہ پاتا ہے	اپنے لیے	ایک چمکدار شعلہ

تو اب جو کوئی بھی کان لگاتا ہے وہ اپنے لیے ایک چمکدار شعلہ

رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾	وَّاَنَّا	لَا	نَدْرِيْٓ	اَشَرٌّ	اُرِيْدَ
گھات میں	اور یقیناً ہم	نہیں	جانتے	کیا برائی کا	ارادہ کیا گیا ہے

گھات میں پاتا ہے۔(9) اور یقیناً ہم نہیں جانتے کہ جو زمین میں ہیں ان کے ساتھ برائی کا ارادہ کیا گیا ہے

بِمَنْ	فِي الْاَرْضِ	اَمْ اَرَادَ	بِهِمْ	رَبُّهُمْ
ان سے جو	زمین میں ہیں	یا ارادہ کیا ہے	ان کے ساتھ	ان کے رب نے

یا اُن کے رب نے اُن کے ساتھ

رَشَدًا ۙ﴿۱۰﴾	وَّاَنَّا	مِنَّا	الصّٰلِحُوْنَ	وَمِنَّا	دُوْنَ
بھلائی کا	اور یقیناً ہم	ہم میں سے	نیک ہیں	اور ہم میں سے	علاوہ ہیں

بھلائی کا ارادہ کیا ہے؟(10) اور یقیناً ہم میں سے کچھ لوگ نیک ہیں اور کچھ اس کے علاوہ ہیں،

ذٰلِكَ ۭ	كُنَّا	طَرَآئِقَ	قِدَدًا ۙ﴿۱۱﴾	وَّاَنَّا	ظَنَنَّآ
اس کے	ہم ہیں	گروہوں میں	مختلف	اور یقیناً ہم نے	یقین کرلیا

ہم مختلف گروہوں میں تقسیم ہیں۔(11) اور یقیناً ہم نے یقین کرلیا

اَنْ	لَّنْ	نُّعْجِزَ	اللّٰهَ	فِي الْاَرْضِ	وَلَنْ
یہ کہ	ہرگز نہیں	ہم عاجز کرسکیں گے	اللہ تعالیٰ کو	زمین میں	اور ہرگز نہیں

کہ ہم اللہ تعالیٰ کو زمین میں ہرگز عاجز نہیں کرسکیں گے اور نہ ہی

نُّعْجِزَهٗ	هَرَبًا ۙ﴿۱۲﴾	وَّاَنَّا	لَمَّا	سَمِعْنَا	الْهُدٰٓى
ہم عاجز کرسکیں گے اسے	بھاگ کر	اور یقیناً ہم نے	جب	سنا	ہدایت کو

بھاگ کر اُسے عاجز کرسکیں گے۔(12) اور یقیناً ہم نے ہدایت کو سُنا،

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا

ایمان لے آئے ہم | اس پر | پھر جو کوئی | ایمان لائے گا | اپنے رب پر | تو نہیں

ہم اُس پر ایمان لے آئے پھر جو کوئی اپنے رب پر ایمان لائے گا تو اُسے نہ

يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا مِنَّا

خوف ہوگا | نقصان کا | اور نہ | زیادتی کا | اور یقیناً ہم | ہم میں سے

نقصان کا خوف ہوگا اور نہ زیادتی کا۔(13) اور ہم میں سے

الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ

کچھ فرمانبردار ہیں | اور ہم میں سے | کچھ بے انصاف ہیں | چنانچہ جو | فرمانبردار رہا

کچھ فرماں بردار ہیں اور کچھ بے انصاف ہیں، چنانچہ جو فرماں بردار رہا

فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا

تو یہی لوگ | انہوں نے ارادہ کیا | بھلائی کا | اور لیکن جو | بے انصاف ہیں | تو ہیں وہ

تو انہوں نے بھلائی کا ارادہ کیا۔(14) اور جو بے انصاف ہیں

لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۙ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ

جہنم کا | ایندھن | اور یہ کہ | اگر | وہ ثابت قدم رہتے | راہِ ہدایت پر

تو وہ جہنم کا ایندھن ہیں۔(15) اور یہ کہ اگر لوگ راہِ ہدایت پر ثابت قدم رہتے

لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ۙ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ

تو ضرور ہم انہیں پلاتے | پانی سے | بہت وافر | تاکہ ہم آزمائیں ان کو | اس میں | اور جو

تو ہم اُنہیں ضرور بہت وافر پانی سے پلاتے۔(16) تاکہ ہم اُس میں اُن کو آزمائیں اور جو

يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ۙ﴿۱۷﴾

منہ موڑے گا | ذکر سے | اپنے رب کے | وہ داخل کرے گا اسے | عذاب میں | سخت

اپنے رب کے ذکر سے منہ موڑے گا وہ اُسے سخت عذاب میں داخل کرے گا۔(17)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿١٨﴾

اور یقیناً مسجدیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں چنانچہ نہ تم پکارو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی ایک کو

اور یقیناً مسجدیں اللہ تعالیٰ ہی کی ہیں چنانچہ اُن میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہ پکارو۔(18)

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ

اور یقیناً وہ جب کھڑا ہوا بندہ اللہ تعالیٰ کا اس کو پکارنے کے لیے قریب تھا ہوں وہ

اور یقیناً جب اللہ تعالیٰ کا بندہ اُس کو پکارنے کے لیے کھڑا ہوا تو قریب تھا کہ لوگ

عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿١٩﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ

اس پر تہ بہ تہ جمع کہہ دو یقیناً میں پکارتا ہوں اپنے رب ہی کو اور نہیں

تہ بہ تہ اس پر جمع ہو جائیں۔(19) کہہ دو کہ میں اپنے رب ہی کو پکارتا ہوں اور میں

ع ١ ١٩ ١١

اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٠﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ

میں شریک بناتا اس کے ساتھ کسی ایک کو کہہ دو بلا شبہ میں نہ میں اختیار رکھتا

اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتا۔(20) کہہ دو بلا شبہ میں نہ تمہارے

لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿٢١﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ

تمہارے لیے کسی نقصان کا اور نہ کسی بھلائی کا کہہ دو یقیناً میں ہرگز نہیں

کسی نقصان کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی کا۔(21) کہہ دو کہ مجھے

يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ

بچائے گا مجھے اللہ تعالیٰ سے کوئی ایک اور ہرگز نہیں میں پاؤں گا سوائے اس کے

اللہ تعالیٰ سے ہرگز کوئی نہیں بچائے گا اور میں اُس کے سوا

مُلْتَحَدًا ﴿٢٢﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ

کوئی جائے پناہ مگر پہنچا دینا ہے اللہ تعالیٰ کی بات اور پیغامات اس کے اور جو کوئی

ہرگز کوئی جائے پناہ نہیں پاؤں گا۔(22) مگر اللہ تعالیٰ کی بات اور اس کے پیغامات پہنچا دینا ہے اور جو کوئی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَّعۡصِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ

نافرمانی کرے گا | اللہ تعالیٰ کی | اور اس کے رسول کی | تو بلاشبہ | اس کے لیے | آگ ہے

اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو اُس کے لیے بلاشبہ

جَهَنَّمَ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا ؕ﴿۲۳﴾ حَتّٰۤى اِذَا

جہنم کی | وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں | اس میں | ہمیشہ ہمیشہ | حتی کہ | جب

جہنم کی آگ ہے، وہ اُس میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔(23) حتی کہ جب

رَاَوۡا مَا يُوۡعَدُوۡنَ فَسَيَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ اَضۡعَفُ

وہ دیکھیں گے | جو ان سے وعدہ کیا جاتا ہے | تو جلد ہی وہ جان لیں گے | کون | زیادہ کمزور ہے

وہ دیکھیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے تو جلد ہی وہ جان لیں گے کہ کس کے مددگار زیادہ کمزور

نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلۡ اِنۡ اَدۡرِىۡۤ اَقَرِيۡبٌ

مددگار کے اعتبار سے | اور زیادہ کم ہے | تعداد میں | کہہ دو | نہیں | میں جانتا | کیا وہ قریب ہے

اور تعداد میں زیادہ کم ہیں؟ (24) کہہ دو کہ میں نہیں جانتا کہ وہ قریب ہے

مَّا تُوۡعَدُوۡنَ اَمۡ يَجۡعَلُ لَهٗ رَبِّىۡۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | یا رکھے گا | اس کے لیے | میرا رب | کوئی مدت

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے یا میرا رب اُس کے لیے کوئی مدت رکھے گا۔(25)

عٰلِمُ الۡغَيۡبِ فَلَا يُظۡهِرُ عَلٰى غَيۡبِهٖۤ

وہی جاننے والا ہے | غیب کا | پس نہیں | وہ مطلع کرتا | اپنے غیب پر

غیب کا جاننے والا وہی ہے، پس وہ اپنے غیب پر

اَحَدًا ۙ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارۡتَضٰى مِنۡ رَّسُوۡلٍ فَاِنَّهٗ

کسی ایک کو | مگر | جسے | پسند کیا اس نے | کوئی رسول | تو یقیناً وہ

کسی کو مطلع نہیں کرتا۔(26) مگر کوئی رسول، جسے اس نے پسند کر لیا، تو یقیناً وہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ

لگادیتا ہے | اس کے آگے سے | اور اس کے پیچھے سے | پہرا | تاکہ وہ جان لے

اُس کے آگے پیچھے پہرا لگا دیتا ہے۔(27)

اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ

یہ کہ | بے شک | پہنچا دیے انہوں نے | پیغامات | اپنے رب کے | اور احاطہ کر رکھا ہے

تاکہ وہ جان لے کہ اُنہوں نے اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیے ہیں اور

ع ۲ ۹ ۱۲ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

ان کا جو | پاس ہے ان کے | اور اس نے شمار کر رکھا ہے | ہر شے کی | تعداد کو

اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کا احاطہ کر رکھا ہے جو ان کے پاس ہیں اور اُس نے ہر شے کو شمار کر رکھا ہے۔(28)

ایاتها ۲۰ — ۷۳ سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ ۳ — رکوعاتها ۲

سُورہ مزمل مکی ہے اس میں بیس آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲﴾

اے | چادر اوڑھنے والے | قیام کر | رات کو | مگر | کم

اے چادر اوڑھنے والے!(1) رات کو قیام کرو مگر کم۔(2)

نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ

آدھی رات | یا کم کر لو | اس میں سے | تھوڑا | یا اضافہ کر لو | اس پر

آدھی رات یا اُس سے تھوڑا کم کر لو۔(3) یا اُس پر کچھ اضافہ کر لو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝٤ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ

اور پڑھ | قرآن کو | خوب ٹھہر ٹھہر کر | یقیناً ہم | جلد ہی نازل کریں گے | آپ پر

اور قرآن کو خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو۔(4) یقیناً ہم جلد ہی آپ پر

قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝٥ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ

کلام | بھاری | بلاشبہ | اٹھنا | رات کا | وہ | زیادہ سخت ہے

ایک بھاری کلام نازل کریں گے۔(5) بلاشبہ رات کا اُٹھنا

وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝٦ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ

کچلنے میں (نفس کو) | اور زیادہ درست بنانے والا ہے | بات کو | یقیناً | آپ کے لیے | دن میں

نفس کو زیادہ پامال کرنے والا اور بات کو زیادہ درست بنانے والا ہے۔(6) یقیناً دن میں آپ کے

سَبْحًا طَوِيْلًا ۝٧ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ

کام ہے | لمبا | اور آپ یاد کرو | نام | اپنے رب کا | اور متوجہ رہو

لیے کام ہیں۔(7) اور اپنے رب کا نام یاد کرو اور ہر طرف سے منقطع ہو کر

اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝٨ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ

اسی کی طرف | یک سو ہو کر | رب ہے | مشرق کا | اور مغرب کا | نہیں

اسی کی طرف متوجہ رہو۔(8) وہ مشرق و مغرب کا رب ہے۔

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝٩ وَاصْبِرْ

کوئی معبود | علاوہ | اس کے | چنانچہ بنا لو اس کو | وکیل | اور آپ صبر کرو

اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں چنانچہ اُسی کو اپنا وکیل بناؤ۔(9)

عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝١٠

اوپر | اس کے جو | وہ کہتے ہیں | اور چھوڑ دو انہیں | چھوڑنا | اچھا

اور جو کچھ لوگ کہتے ہیں اُس پر صبر کرو اور انہیں چھوڑ دو، اچھے طریقے سے چھوڑنا۔(10)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَذَرۡنِیۡ وَالۡمُکَذِّبِیۡنَ اُولِی النَّعۡمَۃِ وَمَہِّلۡہُمۡ قَلِیۡلًا ﴿۱۱﴾

اور چھوڑ دو مجھے | اور جھٹلانے والوں کو | خوش حال لوگوں کو | اور مہلت دے دو انہیں | تھوڑی

اور مجھے اور جھٹلانے والے خوش حال لوگوں کو چھوڑ دو اور اُنہیں تھوڑی سی مہلت دے دو۔(11)

اِنَّ لَدَیۡنَاۤ اَنۡکَالًا وَّجَحِیۡمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّۃٍ

یقیناً | ہمارے پاس | بیڑیاں ہیں | اور سخت بھڑکتی ہوئی آگ | اور کھانا | حلق میں اٹکنے والا

یقیناً ہمارے پاس بھاری بیڑیاں اور سخت بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔(12) اور حلق میں اٹکنے والا کھانا

وَّعَذَابًا اَلِیۡمًا ﴿۱۳﴾ یَوۡمَ تَرۡجُفُ الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ

اور عذاب ہے | دردناک | جس دن | کانپیں گی | زمین | اور پہاڑ

اور دردناک عذاب ہے۔(13) جس دن زمین اور پہاڑ کانپیں گے

وَکَانَتِ الۡجِبَالُ کَثِیۡبًا مَّہِیۡلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ

اور ہو جائیں گے | پہاڑ | ریت کے ٹیلے | بھربھری | یقیناً ہم نے | بھیجا

اور پہاڑ بھربھری ریت کے ٹیلے ہو جائیں گے۔(14) بلاشبہ ہم نے تمہاری جانب

اِلَیۡکُمۡ رَسُوۡلًا ۬ۙ شَاہِدًا عَلَیۡکُمۡ کَمَاۤ اَرۡسَلۡنَاۤ

تمہاری جانب | ایک رسول | گواہی دینے والا | تم پر | جیسے | بھیجا تھا

ایک رسول بھیجا ہے جو تم پر گواہی دینے والا ہے جیسے ہم نے

اِلٰی فِرۡعَوۡنَ رَسُوۡلًا ﴿ؕ۱۵﴾ فَعَصٰی فِرۡعَوۡنُ الرَّسُوۡلَ

طرف | فرعون کی | رسول | سو نافرمانی کی | فرعون نے | رسول کی

فرعون کی طرف ایک رسول بھیجا تھا۔(15) سو فرعون نے اس رسول کی نافرمانی کی

فَاَخَذۡنٰہُ اَخۡذًا وَّبِیۡلًا ﴿۱۶﴾ فَکَیۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ

تو ہم نے اسے پکڑ لیا | پکڑنا | نہایت سخت | پھر کیسے | تم بچو گے | اگر

تو ہم نے اسے پکڑ لیا، نہایت سخت پکڑنا۔(16) پھر اگر تم نے کفر کیا تو اُس دن تم کیسے بچو گے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿١٧﴾ السَّمَآءُ

تم نے کفر کیا | اس دن | جو کردے گا | بچوں کو | بوڑھا | آسمان

جو بچوں کو بوڑھا کردے گا۔(17) آسمان

مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾ اِنَّ

پھٹ جانے والا ہے | اس میں | (ہمیشہ سے) ہے | وعدہ اس کا | پورا ہو کر ہی رہنے والا | بلاشبہ

اس میں پھٹ جانے والا ہے، اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہمیشہ سے پورا ہو کر ہی رہنے والا ہے۔(18) بلاشبہ

هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ

یہ | ایک نصیحت ہے | تو جو شخص | چاہے | بنالے | طرف | اپنے رب کی

یہ ایک نصیحت ہے تو جو شخص چاہے اپنے رب کی طرف راستہ

ع ۱۹ / ۱۳

سَبِيْلًا ﴿١٩﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ

راستہ | یقیناً | آپ کا رب | جانتا ہے | کہ بلاشبہ آپ | قیام کرتے ہیں

بنالے۔(19) یقیناً آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ دو تہائی رات کے قریب

اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ

قریب | دو تہائی کے | رات کے | یا آدھا اس کا | یا ایک تہائی اس کا | اور ایک گروہ

یا اس کا آدھا یا اس کا ایک تہائی حصہ قیام کرتے ہیں اور اُن لوگوں میں سے ایک گروہ بھی

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ

ان لوگوں میں سے جو | آپ کے ساتھ ہیں | اور اللہ تعالیٰ | اندازہ رکھتا ہے | رات کا

جو آپ کے ساتھ ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے

وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ

اور دن کا | اس نے جان لیا | یہ کہ | ہرگز نہیں | تم ٹھیک شمار کرسکو گے اس کو | سو اس نے مہربانی کی

اس نے جان لیا کہ تم اس کو ہرگز ٹھیک شمار نہیں کرسکو گے، سو اُس نے تم پر مہربانی کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ

تم پر تو (قرآن) پڑھ لیا کر جو آسانی سے ہو سکے قرآن میں سے اس نے جان لیا

تو آسانی سے جتنا ہو سکے قرآن پڑھ لیا کرو اس نے جان لیا کہ تم میں سے کچھ

اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ

یہ کہ ہوں گے تم میں سے کچھ مریض اور کچھ دوسرے لوگ جو سفر کریں گے

مریض بھی ہوں گے اور کچھ دوسرے لوگ جو زمین میں سفر کریں گے وہ

فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ

زمین میں وہ تلاش کریں گے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اور کچھ دوسرے لوگ

اللہ تعالیٰ کے فضل میں سے تلاش کریں گے اور کچھ دوسرے لوگ

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ

لڑیں گے اللہ تعالیٰ کی راہ میں چنانچہ (قرآن) پڑھ لیا کرو جتنا آسانی سے ہو سکے

اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑیں گے، چنانچہ آسانی سے جتنا ہو سکے پڑھ لیا کرو

مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا

اس میں سے اور قائم کرو نماز اور ادا کرو زکوۃ اور قرض دیتے رہو

اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور اللہ تعالیٰ کو قرض دو،

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

اللہ تعالیٰ کو قرض اچھا اور جو تم آگے بھیجو گے اپنے لیے نیکی میں سے

اچھا قرض، اور جو نیکی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اُسے اللہ تعالیٰ کے ہاں

تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ

موجود پاؤ گے اسے نزدیک اللہ تعالیٰ کے وہی بہتر ہے اور زیادہ بڑی ہے ثواب میں

موجود پاؤ گے کہ وہ بہتر اور ثواب میں زیادہ بڑی ہے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ٢/١٤

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٠﴾ ع

اور بخشش مانگو | اللہ تعالیٰ سے | بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | بے حد بخشنے والا | نہایت رحم والا ہے

اور اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگو، بلاشبہ اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(20)

آیاتھا ٥٦ ## ٧٤ سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ ٤ رکوعاتھا ٢

سورہ مدثر مکی ہے اس میں چھپن آیات ہیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿١﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ۽﴿٢﴾ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۽﴿٣﴾

اے | کمبل میں لپٹنے والے | اٹھو | پھر خبردار کرو | اور اپنے رب کی | پس بڑائی بیان کرو

اے کمبل میں لپٹنے والے!(1) اُٹھو پھر خبردار کرو۔(2) اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو۔(3)

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۽﴿٤﴾ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۽﴿٥﴾ وَلَا تَمْنُنْ

اور اپنے کپڑوں کو | پس پاک رکھو | اور ناپاکی سے | پس دور رہو | اور احسان نہ کرو

اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھو۔(4) اور ناپاکی سے دُور رہو۔(5) اور احسان نہ کرو

تَسْتَكْثِرُ ۽﴿٦﴾ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۭ﴿٧﴾ فَاِذَا نُقِرَ

کہ تم زیادہ حاصل کرو | اور اپنے رب کے لیے | پس صبر کرو | پس جب | پھونک ماری جائے گی

کہ تم زیادہ حاصل کرو۔(6) اور اپنے رب کے لیے صبر کرو۔(7) پس جب صور میں پھونک

فِي النَّاقُوْرِ ۙ﴿٨﴾ فَذٰلِكَ يَوْمَىِٕذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ﴿٩﴾ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ

صور میں | تو وہ | دن | بڑا ہی مشکل دن ہوگا | کافروں پر

ماری جائے گی۔(8) تو وہ دن بڑا ہی مشکل دن ہوگا۔(9) کافروں پر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿١٠﴾ ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ﴿١١﴾

آسان نہیں | چھوڑ دو مجھے | اور اس شخص کو | جسے میں نے پیدا کیا | اکیلا ہی

آسان نہ ہوگا۔(10) چھوڑ دو مجھے اور اُس کو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔(11)

وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ﴿١٢﴾ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ﴿١٣﴾

اور میں نے دے رکھا ہے | اس کو | مال | لمبا چوڑا | اور بیٹے | حاضر رہنے والے

اور میں نے اُسے لمبا چوڑا مال دیا ہے۔(12) اور حاضر رہنے والے بیٹے دیے۔(13)

وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿١٤﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ

اور میں نے سامان تیار کیا | اس کے لیے | ہر طرح تیار کرنا | پھر | وہ طمع رکھتا ہے | یہ کہ

اور میں نے اس کے لیے سامان تیار کیا، ہر طرح کا سامان تیار کرنا۔(14) پھر وہ طمع رکھتا ہے کہ

اَزِيْدَ ﴿١٥﴾ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿١٦﴾

میں اسے اور زیادہ دوں | ہرگز نہیں | یقیناً وہ | ہے | ہماری آیات سے | سخت دشمنی رکھنے والا

میں اُسے اور زیادہ دوں۔(15) ہرگز نہیں! یقیناً وہ ہماری آیات سے سخت دشمنی رکھنے والا ہے۔(16)

سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿١٧﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿١٨﴾

جلد ہی میں اسے چڑھاؤں گا | دشوار گزار گھاٹی پر | یقیناً وہ | اس نے غور و فکر کیا | اور بات بنائی

جلد ہی میں اُسے دشوار گزار گھاٹی پر چڑھاؤں گا۔(17) اُس نے غور و فکر کیا اور بات بنائی۔(18)

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿١٩﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿٢٠﴾

پس ہلاک ہو! | کیسی | اس نے بات بنائی | پھر | وہ ہلاک ہو! | کیسی | اس نے بات بنائی

پس ہلاک ہو! اُس نے کیسی بات بنائی؟(19) وہ پھر ہلاک ہو! اُس نے کیسی بات بنائی؟(20)

ثُمَّ نَظَرَ ﴿٢١﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ

پھر | اس نے دیکھا | پھر | اس نے تیوری چڑھائی | اور برا منہ بنایا | پھر | اس نے پیٹھ پھیری

پھر اُس نے دیکھا۔(21) پھر تیوری چڑھائی اور برا منہ بنایا۔(22) پھر اس نے پیٹھ پھیری

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاسْتَكْبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ﴿۲۴﴾

اور تکبر کیا | پھر اس نے کہا | نہیں | یہ | مگر | ایک جادو | جو نقل کیا جاتا ہے

اور تکبر کیا۔(23) پھر کہا: "یہ کچھ نہیں مگر ایک جادو ہے جو پہلے نقل کیا جاتا ہے۔(24)

إِنْ هٰذَآ إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾

نہیں | یہ | مگر | کلام | انسان کا | جلد ہی میں اسے داخل کروں گا | دوزخ میں

یہ تو بس ایک انسان کا کلام ہے۔"(25) جلد ہی میں اُسے دوزخ میں داخل کروں گا۔(26)

وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿۲۷﴾ لَا تُبْقِي وَلَا

اور کس چیز نے | تمھیں خبر دی | کیا ہے | وہ دوزخ | نہ وہ باقی رکھے گی | اور نہ

اور تمھیں کس چیز نے خبر دی کہ وہ دوزخ کیا ہے؟(27) نہ وہ باقی رکھے گی اور نہ

تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿۳۰﴾

وہ چھوڑے گی | جھلسا دینے والی ہے | کھال کو | اس پر (مقرر ہیں) | انیس (فرشتے)

وہ چھوڑے گی۔(28) کھال کو جھلسا دینے والی ہے۔(29) اُس پر انیس (فرشتے) مقرر ہیں۔(30)

وَمَا جَعَلْنَآ أَصْحٰبَ النَّارِ إِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا

اور نہیں | بنائے ہم نے | آگ والے (نگران) | مگر | فرشتے ہی | اور نہیں

اور نہیں بنائے ہم نے جہنم کے نگران مگر فرشتے

جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا ۙ

بنایا ہم نے | ان کی تعداد کو | مگر | آزمائش | ان لوگوں کے لیے | جنھوں نے کفر کیا

اور ہم نے اُن کی تعداد کو ان لوگوں کے لیے آزمائش بنایا ہے جنھوں نے کفر کیا،

لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ

تاکہ یقین کرلیں | وہ لوگ | جن کو دی گئی | کتاب | اور بڑھ جائیں | وہ لوگ جو

تاکہ وہ یقین کرلیں جن کو کتاب دی گئی اور وہ لوگ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اٰمَنُوْٓا	اِيْمَانًا	وَّلَا	يَرْتَابَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا
ایمان لائے	ایمان میں	اور نہ	شک کریں	وہ لوگ جو	دیے گئے

جو ایمان لائے ایمان میں بڑھ جائیں اور ایمان والے اور وہ لوگ جنہیں کتاب دی گئی شک نہ کریں

الْكِتٰبَ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ	وَلِيَقُوْلَ	الَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ
کتاب	اور ایمان والے	اور تا کہ کہیں	وہ لوگ	جن کے دلوں میں

اور تا کہ وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے اور کفر کرنے والے

مَّرَضٌ	وَّالْكٰفِرُوْنَ	مَاذَآ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِهٰذَا
بیماری ہے	اور کفر کرنے والے	کیا	ارادہ کیا	اللہ تعالیٰ نے	اس

کہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس مثال سے کیا ارادہ کیا ہے؟

مَثَلًا ؕ	كَذٰلِكَ	يُضِلُّ	اللّٰهُ	مَنْ	يَّشَآءُ
مثال سے	اسی طرح	گمراہ کر دیتا ہے	اللہ تعالیٰ	جسے	وہ چاہتا ہے

اللہ تعالیٰ ایسے ہی گمراہ کر دیتا ہے جسے چاہتا ہے

وَيَهْدِيْ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَمَا	يَعْلَمُ	جُنُوْدَ
اور ہدایت دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور نہیں	جانتا	لشکروں کو

اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور تیرے رب کے لشکروں کو

رَبِّكَ	اِلَّا	هُوَ ؕ	وَمَا	هِيَ	اِلَّا ذِكْرٰى
تیرے رب کے	سوائے	اس کے	اور نہیں	یہ	مگر نصیحت

اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور یہ انسانیت کے لیے سراسر

لِلْبَشَرِ ع ﴿۳۱﴾	كَلَّا	وَالْقَمَرِ ۙ ﴿۳۲﴾	وَالَّيْلِ	اِذْ	اَدْبَرَ ۙ ﴿۳۳﴾
انسانیت کے لیے	ہرگز نہیں	قسم ہے چاند کی	اور رات کی	جب	وہ جانے لگے

ع ۱ ۱۵ ۲۱

نصیحت ہے۔ (31) ہرگز نہیں! قسم ہے چاند کی! (32) اور رات کی! جب وہ جانے لگے۔ (33)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَالصُّبۡحِ اِذَاۤ اَسۡفَرَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهَا لَاِحۡدَى الۡكُبَرِ ﴿۳۵﴾

اور صبح کی قسم | جب | وہ روشن ہو | یقیناً وہ | البتہ ایک ہے | بڑی چیزوں میں سے

اور قسم ہے صبح کی! جب وہ روشن ہو۔(34) یقیناً وہ (دوزخ) بڑی چیزوں میں سے ایک ہے۔(35)

نَذِيۡرًا لِّلۡبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَنۡ شَآءَ مِنۡكُمۡ اَنۡ

ڈرانے والی ہے | بشر کے لیے | اس کے لیے جو | چاہے | تم میں سے | یہ کہ

بشر کے لیے ڈرانے والی ہے۔(36) تم میں سے ہر اُس شخص کے لیے جو

يَّتَقَدَّمَ اَوۡ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾ كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا كَسَبَتۡ

وہ آگے بڑھے | یا وہ پیچھے ہٹے | ہر شخص | اس کے بدلے جو | اس نے کمایا

آگے بڑھے یا پیچھے ہٹے۔(37) ہر شخص اس کے بدلے میں گروی ہے

رَهِيۡنَةٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّاۤ اَصۡحٰبَ الۡيَمِيۡنِ ﴿۳۹﴾ فِىۡ جَنّٰتٍ يَتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۴۰﴾

مع ۱۶

گروی ہے | مگر | دائیں بازو والے | جنتوں میں | سوال کریں گے

جو اس نے کمایا۔(38) مگر دائیں بازو والے۔(39) جنتوں میں سوال کریں گے۔(40)

عَنِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمۡ فِىۡ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوۡا لَمۡ

مجرموں سے | کس چیز نے | تمہیں داخل کیا | دوزخ میں | وہ کہیں گے | نہ

مجرموں سے۔(41) ”تمہیں کس چیز نے دوزخ میں داخل کیا؟“(42) وہ کہیں گے:

نَكُ مِنَ الۡمُصَلِّيۡنَ ﴿۴۳﴾ وَلَمۡ نَكُ نُطۡعِمُ الۡمِسۡكِيۡنَ ﴿۴۴﴾

تھے ہم | نماز ادا کرنے والوں میں سے | اور نہیں | تھے ہم | کھانا کھلاتے | مسکین کو

”ہم نماز ادا کرنے والوں میں سے نہ تھے۔(43) اور ہم مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔(44)

وَكُنَّا نَخُوۡضُ مَعَ الۡخَآئِضِيۡنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ

اور تھے ہم | فضول بحث کرتے | فضول بحث کرنے والوں کے ساتھ | اور تھے ہم | جھٹلاتے

اور ہم فضول بحث کرنے والوں کے ساتھ فضول بحث کرتے تھے۔(45) اور ہم جزا کے دن کو

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾	حَتّٰى	اَتٰىنَا	الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾	فَمَا	
جزا کے دن کو	حتیٰ کہ	ہم پر آ گئی	یقینی (موت)	چنانچہ نہیں	

جھٹلاتے تھے۔(46) حتیٰ کہ ہم پر موت آ گئی۔"(47) چنانچہ

تَنْفَعُهُمْ	شَفَاعَةُ	الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾	فَمَا	لَهُمْ	عَنِ التَّذْكِرَةِ	
نفع دے گی ان کو	سفارش	سفارش کرنے والوں کی	تو کیا ہے	انھیں	نصیحت سے	

سفارش کرنے والوں کی سفارش اُن کو کوئی نفع نہ دے گی۔(48) تو اُنھیں کیا ہے کہ وہ نصیحت سے

مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۹﴾	كَاَنَّهُمْ	حُمُرٌ	مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾	فَرَّتْ
منہ موڑنے والے ہیں	گویا کہ وہ	جنگلی گدھے ہیں	بدکنے والے	وہ بھاگے ہیں

منہ موڑنے والے ہیں؟(49) گویا کہ وہ بدکنے والے جنگلی گدھے ہیں۔(50) جو شیر سے

مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾	بَلْ	يُرِيْدُ	كُلُّ	امْرِئٍ	مِّنْهُمْ	اَنْ
شیر سے	بلکہ	چاہتا ہے	ہر	آدمی	ان میں سے	یہ کہ

بھاگے ہیں۔(51) بلکہ اُن میں سے ہر آدمی چاہتا ہے کہ

يُّؤْتٰى	صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾	كَلَّا	بَلْ	لَّا	يَخَافُوْنَ
اسے دیے جائیں	کھلے ہوئے صحیفے	ہرگز نہیں	بلکہ	نہیں	وہ خوف رکھتے

اُسے کھلے ہوئے صحیفے دیے جائیں۔(52) ہرگز نہیں! بلکہ یہ آخرت کا

الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾	كَلَّآ	اِنَّهٗ	تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾	فَمَنْ	شَآءَ
آخرت کا	ہرگز نہیں	بلاشبہ یہ	ایک نصیحت ہے	تو جو کوئی	چاہے

خوف نہیں رکھتے۔(53) ہرگز نہیں! بلاشبہ یہ تو ایک نصیحت ہے۔(54) تو جو چاہے

ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾	وَمَا	يَذْكُرُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ
اس سے نصیحت حاصل کرے	اور نہیں	نصیحت حاصل کریں گے	مگر	یہ کہ	چاہے

اس سے نصیحت حاصل کرے۔(55) اور وہ نصیحت حاصل نہیں کریں گے مگر یہ کہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع ٢ ٢٥ ١٦ الحاقة

اللّٰهُ ؕ	هُوَ	اَهۡلُ	التَّقۡوٰى	وَاَهۡلُ	الۡمَغۡفِرَةِ ؏ ﴿۵۶﴾
اللہ تعالیٰ	وہی	اہل ہے	(کہ) اس سے ڈرا جائے	اور اہل ہے	(کہ) بخش دے

اللہ تعالیٰ چاہے، وہی اس کا اہل ہے کہ اس سے ڈرا جائے اور وہی اس کا اہل ہے کہ بخش دے۔(56)

ایاتها ٤٠ ٧٥ سُوۡرَةُ الۡقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ ٣١ رکوعاتها ٢

سُورہ قیامہ مکی ہے اس میں چالیس آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

ساتھ نام	اللہ کے	وسیع رحمت والا	نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

لَاۤ اُقۡسِمُ	بِيَوۡمِ	الۡقِيٰمَةِ ۙ﴿۱﴾	وَلَاۤ اُقۡسِمُ	بِالنَّفۡسِ
میں قسم کھاتا ہوں	دن کی	قیامت کے	اور میں قسم کھاتا ہوں	نفس کی

میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی!(1) اور میں قسم کھاتا ہوں

اللَّوَّامَةِ ؕ﴿۲﴾	اَيَحۡسَبُ	الۡاِنۡسَانُ	اَلَّنۡ	نَّجۡمَعَ
بہت ملامت کرنے والے	کیا سمجھتا ہے	انسان	کہ ہرگز نہیں	ہم جمع کریں گے

بہت ملامت کرنے والے نفس کی!(2) کیا انسان یہ سمجھتا ہے کہ ہم اُس کی ہڈیاں

عِظَامَهٗ ؕ﴿۳﴾	بَلٰى	قٰدِرِيۡنَ	عَلٰۤى	اَنۡ	نُّسَوِّىَ
ہڈیاں اس کی	کیوں نہیں	ہم قادر ہیں	اوپر	اس کے کہ	ہم درست کر دیں

ہرگز جمع نہ کریں گے؟(3) کیوں نہیں! ہم اس پر قادر ہیں کہ اُس کی پور پور تک کو

بَنَانَهٗ ﴿۴﴾	بَلۡ	يُرِيۡدُ	الۡاِنۡسَانُ	لِيَفۡجُرَ	اَمَامَهٗ ۚ﴿۵﴾
اس کی پور پور کو	بلکہ	ارادہ رکھتا ہے	انسان	کہ وہ نافرمانی کرتا رہے	اپنے آگے

درست کر دیں۔(4) بلکہ انسان یہ ارادہ رکھتا ہے کہ وہ آئندہ بھی نافرمانی کرتا رہے۔(5)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝٦ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝٧

وہ پوچھتا ہے | کب ہوگا | دن | قیامت کا | پھر جب | پتھرا جائیں گی | آنکھیں

وہ پوچھتا ہے: ''کب ہوگا قیامت کا دن؟'' (6) پھر جب آنکھیں پتھرا جائیں گی۔ (7)

وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝٨ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝٩ يَقُوْلُ

اور گہنا جائے گا | چاند | اور جمع کر دیا جائے گا | سورج | اور چاند کو | کہے گا

اور چاند گہنا جائے گا۔ (8) اور سورج اور چاند کو جمع کر دیا جائے گا۔ (9) اُس دن

الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝١٠ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝١١

انسان | اس دن | کہاں ہے | بھاگنے کی جگہ | ہرگز نہیں | کوئی پناہ کی جگہ نہیں ہے

انسان کہے گا: ''بھاگنے کی جگہ کہاں ہے؟'' (10) ہرگز نہیں، کوئی پناہ کی جگہ نہیں ہے۔ (11)

اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ الْمُسْتَقَرُّ ۝١٢ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ

پاس | تیرے رب کے | اس دن | ٹھہرنے کی جگہ | بتایا جائے گا | انسان کو

اُس دن تیرے رب کے پاس ہی ٹھہرنے کی جگہ ہے۔ (12) اُس دن انسان کو

يَوْمَئِذٍۭ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ۝١٣ بَلِ الْاِنْسَانُ

اس دن | جو کچھ | اس نے آگے بھیجا | اور اس نے پیچھے چھوڑا | بلکہ | انسان

بتایا جائے گا جو کچھ اُس نے آگے بھیجا اور جو اُس نے پیچھے چھوڑا ہے۔ (13) بلکہ انسان

عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝١٤ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝١٥

اوپر | اپنے آپ کے | خوب دیکھنے والا ہے | اور اگرچہ | وہ پیش کرے | اپنی معذرتیں

اپنے آپ کو خوب دیکھنے والا ہے۔ (14) اگرچہ وہ اپنی معذرتیں پیش کرے۔ (15)

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝١٦ اِنَّ

نہ آپ حرکت دیں | ساتھ اس کے | اپنی زبان کو | تاکہ آپ جلدی کریں | اس میں | یقیناً

آپ اپنی زبان کو اس کے ساتھ حرکت نہ دیں کہ اُس میں جلدی کریں۔ (16) یقیناً

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿۱۷﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ

ہمارے ذمے ہے | جمع کرنا اس کا | اور پڑھانا اس کا | تو جب | پڑھیں ہم اس کو | تو آپ پیروی کرو

اس کا جمع کرنا اور اس کا پڑھانا ہمارے ذمے ہے۔(17) تو جب ہم اس کو پڑھ چکیں تو آپ اُس کے پڑھنے کی

قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾ كَلَّا

اس کے پڑھنے کی | پھر | یقیناً | ہم پر ہے | اس کا بیان بھی | ہرگز نہیں

پیروی کرو۔(18) پھر یقیناً ہم ہی پر ہے اس کا بیان کرنا بھی۔(19) ہرگز نہیں!

بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾

بلکہ | تم محبت رکھتے ہو | جلدی ملنے والی سے | اور تم چھوڑ دیتے ہو | آخرت کو

بلکہ تم جلد حاصل ہونے والی (دنیا) سے محبت رکھتے ہو۔(20) اور تم آخرت کو چھوڑ دیتے ہو۔(21)

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾

کچھ چہرے | اس دن | تروتازہ ہوں گے | طرف | اپنے رب کی | دیکھنے والے

بعض چہرے اُس دن تروتازہ ہوں گے۔(22) اپنے رب کی طرف دیکھنے والے ہوں گے۔(23)

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ اَنْ

اور کچھ چہرے | اس دن | بگڑے ہوئے ہوں گے | گمان کر رہے ہوں گے | یہ کہ

اور کچھ چہرے اُس دن بگڑے ہوئے ہوں گے۔(24) گمان کر رہے ہوں گے کہ

يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ

کیا جائے گا | ان کے ساتھ | کمر توڑ معاملہ | ہرگز نہیں! | جب | جان پہنچ جائے گی

اُن کے ساتھ کمر توڑ معاملہ کیا جائے گا۔(25) ہرگز نہیں! جب جان

التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ

ہنسلیوں تک | اور کہا جائے گا | کون ہے | دم کرنے والا | اور وہ یقین کرے گا | یقیناً وہ

ہنسلیوں تک پہنچ جائے گی۔(26) اور کہا جائے گا: ’’کون ہے دم کرنے والا؟‘‘ (27) اور وہ یقین کرے گا کہ یقیناً اب

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾ اِلٰى رَبِّكَ

جدائی کا وقت ہے | اور جڑ جائے گی | پنڈلی | پنڈلی سے | طرف | اپنے رب کی

جدائی کا وقت ہے۔(28) اور پنڈلی سے پنڈلی جڑ جائے گی۔(29) اُس دن تیرے رب کی طرف

ع ۱/۱۷

يَوْمَئِذِ ِالْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾ وَلٰكِنْ

اس دن | روانگی ہے | سو نہ | اس نے سچ مانا | اور نہ | نماز پڑھی | اور بلکہ

روانگی ہے۔(30) سو نہ اُس نے سچ مانا اور نہ نماز پڑھی۔(31) بلکہ

كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ

اس نے جھٹلایا | اور منہ پھیرا | پھر | وہ چلا گیا | اپنے گھر والوں کی طرف

اُس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا۔(32) پھر اکڑتا ہوا اپنے گھر والوں کی طرف

يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ

اکڑتا ہوا | لائق ہے | تیرے لیے | پھر یہی لائق ہے | پھر بھی | لائق ہے | تیرے لیے

چلا گیا۔(33) تیرے لیے یہی لائق ہے، پھر یہی لائق ہے۔(34) پھر تیرے لیے یہی لائق ہے،

فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾

پھر لائق ہے | کیا گمان کرتا ہے | انسان | یہ کہ | وہ چھوڑ دیا جائے گا | بغیر پوچھے

پھر یہی لائق ہے۔(35) کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ اُسے یونہی بغیر پوچھے چھوڑ دیا جائے گا؟(36)

اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ

کیا نہیں | وہ تھا | نطفہ | منی کا | جو گرایا جاتا ہے | پھر

کیا وہ منی کا قطرہ نہ تھا جو گرایا جاتا ہے؟(37) پھر

كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ

تھا وہ | جما ہوا خون | پھر اس نے پیدا کیا | پھر درست بنا دیا | پھر اس نے بنائیں | اس سے

وہ جما ہوا خون بنا پھر اُس نے پیدا کیا اور پھر درست بنا دیا۔(38) پھر

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٣٩﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ

دو قسمیں | مرد | اور عورت | کیا نہیں | وہ

اُس نے اس سے مرد اور عورت کی دو قسمیں بنائیں۔(39) کیا وہ

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْـىِۦَ الْمَوْتٰى ﴿٤٠﴾ ع

قادر | اوپر | اس کے کہ | وہ زندہ کرے | مردوں کو

اس پر قادر نہیں ہے کہ مردوں کو زندہ کرے؟(40)

ع ٢ ١٨

اٰیاتھا ٣١ — ٧٦ سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ ٩٨ — رکوعاتھا ٢

سُورہ دھر مکی ہے اس میں اکتیس آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ

کیا | آیا ہے | اوپر | انسان کے | کوئی وقت | زمانے میں سے

کیا انسان پر زمانے میں سے کوئی وقت ایسا بھی آیا ہے

لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿١﴾ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

نہ | وہ تھا | کوئی چیز | قابل ذکر | بلاشبہ ہم نے | پیدا کیا | انسان کو

جب وہ قابلِ ذکر چیز ہی نہ تھا؟(1) ہم نے انسان کو بلاشبہ

مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

نطفے سے | مخلوط | (تاکہ) ہم اسے آزمائیں | سو بنایا ہم نے اس کو | خوب سننے والا

ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ ہم اسے آزمائیں، سو ہم نے اُس کو خوب سننے والا،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بَصِيۡرًا ۝٢ اِنَّا هَدَيۡنٰهُ السَّبِيۡلَ اِمَّا شَاكِرًا

خوب دیکھنے والا | بلاشبہ ہم نے | دکھادیا اس کو | راستہ | خواہ | شکر کرنے والا ہو

خوب دیکھنے والا بنایا۔(2) بلاشبہ ہم نے اُس کو راستہ دِکھادیا خواہ وہ شکر کرنے والا ہو

وَّاِمَّا كَفُوۡرًا ۝٣ اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا لِلۡكٰفِرِيۡنَ سَلٰسِلَا۟

خواہ ناشکرا | یقیناً ہم نے | تیار کر رکھی ہیں | کافروں کے لیے | زنجیریں

یا ناشکرا۔(3) یقیناً ہم نے کافروں کے لیے یقیناً زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی

وَاَغۡلٰلًا وَّسَعِيۡرًا ۝٤ اِنَّ الۡاَبۡرَارَ يَشۡرَبُوۡنَ مِنۡ كَاۡسٍ

اور طوق | اور بھڑکتی آگ | یقیناً | نیک لوگ | پئیں گے | ایسے ساغر سے

آگ تیار کر رکھی ہے۔(4) یقیناً نیک لوگ ایسے ساغر سے پئیں گے جس میں

كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوۡرًا ۝٥ۚ عَيۡنًا يَّشۡرَبُ بِهَا عِبَادُ

ہوگی | آمیزش اس میں | کافور کی | ایک چشمہ ہے | پئیں گے | جس سے | بندے

کافور کی آمیزش ہوگی۔(5) ایک چشمہ ہے جس سے اللہ کے بندے پئیں گے

اللّٰهِ يُفَجِّرُوۡنَهَا تَفۡجِيۡرًا ۝٦ يُوۡفُوۡنَ بِالنَّذۡرِ

اللہ تعالیٰ کے | بہالے جائیں گے اس کو | خوب بہا کر لے جانا | وہ پوری کرتے ہیں | نذر کو

وہ بہالے جائیں گے اس کو، خوب بہا کر لے جانا۔(6) جو اپنی نذر پوری کرتے ہیں

وَيَخَافُوۡنَ يَوۡمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسۡتَطِيۡرًا ۝٧

اور وہ ڈرتے رہتے ہیں | اس دن سے | ہوگی | آفت جس کی | بہت زیادہ پھیل جانے والی

اور اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس کی آفت بہت زیادہ پھیل جانے والی ہے۔(7)

وَيُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسۡكِيۡنًا وَّيَتِيۡمًا

اور وہ کھلاتے ہیں | کھانا | باوجود اس (کھانے) کی محبت کے | مسکین کو | اور یتیم کو

اور وہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں مسکین اور یتیم اور قیدی کو کھانا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَّاَسِيْرًا ﴿٨﴾ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ

اور قیدی کو | یقیناً | ہم کھلاتے ہیں تمہیں | اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے | نہیں ہم چاہتے

کھلاتے ہیں۔(8) یقیناً ہم صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے تمہیں کھلاتے ہیں اور نہ تم سے کوئی

مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿٩﴾ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا

تم سے | کوئی بدلہ | اور نہ ہی | شکریہ | بے شک ہم | خوف کرتے ہیں | اپنے رب سے

بدلہ چاہتے ہیں اور نہ ہی شکریہ۔(9) بے شک ہم اپنے رب سے اس دن کا خوف رکھتے ہیں

يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿١٠﴾ فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ

اس دن کا | جو سخت منہ بگاڑنے والا | تیوری چڑھانے والا ہوگا | پس بچایا انہیں | اللہ تعالیٰ نے

جو سخت منہ چڑھانے والا، تیوری چڑھانے والا ہوگا۔(10) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اُس دن کی

شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿١١﴾

مصیبت سے | اس | دن کی | اور اس نے عطا فرمائی ہے انہیں | تازگی | اور خوشی

مصیبت سے اُنہیں بچایا اور اُنہیں تازگی اور خوشی عطا فرمائی ہے۔(11)

وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿١٢﴾

اور اس نے بدلے میں دیا ہے | اس وجہ سے جو | انہوں نے صبر کیا | جنت | اور ریشم

اور اس کی وجہ سے جو انہوں نے صبر کیا جنت اور ریشم اُنہیں بدلے میں دیا ہے۔(12)

مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا

وہ تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے | اس میں | تختوں پر | نہیں وہ دیکھیں گے | اس میں

وہاں وہ تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، نہ اُس میں وہ شدید دھوپ دیکھیں گے

شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿١٣﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا

شدید دھوپ | اور نہ ہی | یخ سردی | اور جھکے ہوں گے | ان پر | جنت کے سائے

اور نہ ہی یخ سردی۔(13) اور جنت کے سائے اُن پر جھکے ہوں گے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَذُلِّلَتْ	قُطُوْفُهَا	تَذْلِيْلًا ⑭	وَيُطَافُ	عَلَيْهِمْ
اور تابع کر دیے جائیں گے	اس کے خوشے	خوب تابع کیا جانا	اور پھرائے جائیں گئے	ان پر

اور اُس کے خوشے اُن کے بالکل تابع کر دیے جائیں گے، خوب تابع کیا جانا۔(14) اور اُن پر

بِاٰنِيَةٍ	مِّنْ فِضَّةٍ	وَّاَكْوَابٍ	كَانَتْ	قَوَارِيْرَا۠ ⑮
برتن	چاندی کے	اور پیالے	وہ ہوں گے	شیشے کے

چاندی کے برتن اور پیالے پھرائے جائیں گے جو شیشے کے ہوں گے۔(15)

قَوَارِيْرَا۠	مِنْ فِضَّةٍ	قَدَّرُوْهَا	تَقْدِيْرًا ⑯
شیشہ بھی	چاندی سے	انہوں نے اندازہ رکھا ہے اس کا	خوب اندازہ رکھنا

شیشہ بھی چاندی سے بنا ہوگا، انہوں نے اس کا اندازہ رکھا ہے، خوب اندازہ رکھنا۔(16)

وَيُسْقَوْنَ	فِيْهَا	كَاْسًا	كَانَ	مِزَاجُهَا
اور وہ پلائے جائیں گے	اس (جنت) میں	ایسے جام سے	ہوگی	آمیزش اس میں

اور اُنہیں جنت میں ایسے جام پلائے جائیں گے جن میں

زَنْجَبِيْلًا ⑰ج	عَيْنًا	فِيْهَا	تُسَمّٰى	سَلْسَبِيْلًا ⑱
سونٹھ کی	ایک چشمہ	اس میں	رکھا گیا ہے نام اس کا	سلسبیل

سونٹھ کی آمیزش ہوگی۔(17) اُس میں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل رکھا گیا ہے۔(18)

وَيَطُوْفُ	عَلَيْهِمْ	وِلْدَانٌ	مُّخَلَّدُوْنَ ج	اِذَا
اور گھومیں گے	ان پر	کمسن لڑکے	ہمیشہ رہنے والے ہوں گے	جب

اور اُن کے آس پاس کمسن لڑکے آتے جاتے ہوں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہنے والے ہوں گے، جب

رَاَيْتَهُمْ	حَسِبْتَهُمْ	لُؤْلُؤًا	مَّنْثُوْرًا ⑲	وَاِذَا
آپ دیکھیں گے انہیں	تو آپ سمجھیں گے انہیں	موتی ہیں	بکھرے ہوئے	اور جب

آپ اُنہیں دیکھیں گے تو سمجھیں گے کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں۔(19) اور جب

قرأ حفص بحذف الالف في الوصل فيهما و وقف على الاول بالف وعلى الثاني بحذف الالف ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾

آپ دیکھیں گے | وہاں | (تو) آپ دیکھیں گے | بڑی نعمت | اور عظیم بادشاہت

آپ دیکھیں گے تو وہاں بڑی نعمت اور عظیم بادشاہت آپ دیکھیں گے۔(20)

عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ

اوپر ان کے | کپڑے ہوں گے | باریک ریشم کے | سبز | اور دبیز ریشم کے

اُن پر سبز باریک اور دبیز ریشم کے کپڑے ہوں گے

وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ

اور پہنائے جائیں گے انہیں | کنگن | چاندی کے | اور انہیں پلائے گا | رب ان کا

اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور اُن کا رب اُنہیں

شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً

شراب | پاکیزہ | بلاشبہ | یہی | (ہمیشہ) ہے | تمہارے لیے | بدلہ

پاکیزہ شراب پلائے گا۔(21) بلاشبہ یہی تمہارے لیے ہمیشہ کا بدلہ ہے

وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ ع اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا

اور (ہمیشہ) ہے | کوشش تمہاری | قابل قدر | یقیناً ہم | ہم نے | اتارا ہے

اور تمہاری کوشش ہمیشہ کے لیے قابلِ قدر ہے۔(22) یقیناً ہم ہی نے

عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ ج فَاصْبِرْ لِحُكْمِ

آپ پر | قرآن | تھوڑا تھوڑا کر کے اتارنا | چنانچہ آپ صبر کرو | فیصلے تک

آپ پر قرآن اُتارا ہے، تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارنا۔(23) چنانچہ

رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ ج

اپنے رب کے | اور نہ | بات مان | ان میں سے | کسی گناہ گار کی | یا بہت ناشکرے کی

اپنے رب کے فیصلے تک صبر کرو، اور اُن میں سے کسی گناہ گار یا ناشکرے کی بات نہ مانو۔(24)

ع ۲ / ۱۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ الَّيْلِ

اور یاد کرو نام اپنے رب کے صبح اور شام اور رات میں سے

اور اپنے رب کا نام صبح و شام یاد کرو۔(25) اور رات کے کچھ حصے میں

فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ

پھر سجدہ کر اس کے لیے اور اس کی تسبیح کیا کر رات تک لمبی بے شک

اُس کے لیے سجدہ کرو اور لمبی رات تک اُس کی تسبیح کیا کرو۔(26) بے شک

هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ

یہ لوگ محبت رکھتے ہیں جلدی ملنے والی سے اور چھوڑ دیتے ہیں اپنے پیچھے

یہ لوگ جلدی ملنے والی چیز سے محبت رکھتے ہیں اور ایک بھاری دن کو اپنے پیچھے

يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ

دن بھاری کو ہم ہی نے پیدا کیا انہیں اور مضبوط باندھے ہم نے جوڑ بند ان کے

چھوڑے دیتے ہیں۔(27) ہم ہی نے اُنہیں پیدا کیا ہے اور ہم ہی نے اُن کے جوڑ بند مضبوط باندھے ہیں

وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾

اور جب چاہیں گے ہم بدل کر لے آئیں گے ہم ان جیسے لوگ بدل کر لانا

اور ہم جب چاہیں گے بدل کر ان جیسے لوگ لے آئیں گے، بدل کر لانا۔(28)

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

بلاشبہ یہ ایک نصیحت ہے تو جو چاہے بنالے طرف

بلاشبہ یہ تو ایک نصیحت ہے تو جو چاہے اپنے رب کی طرف (جانے والا)

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ

اپنے رب کی راستہ اور نہیں تم چاہتے مگر یہ کہ چاہے

راستہ بنالے۔(29) اور تم نہیں چاہتے مگر یہ کہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿٣٠﴾ۖ

اللہ تعالیٰ | بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | (ہمیشہ سے) ہے | سب کچھ جاننے والا | کمال حکمت والا

اللہ تعالیٰ چاہے، بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ سے سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(30)

يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمِيْنَ

وہ داخل کرتا ہے | جسے | چاہتا ہے | اپنی رحمت میں | اور ظالم

وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے اور ظالموں کے لیے

اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٣١﴾ؑ

اس نے تیار کررکھا ہے | ان کے لیے | عذاب | دردناک

اُس نے دردناک عذاب تیار کررکھا ہے۔(31)

ع ۲ ۲۹ ۲۰

آیاتها ۵۰ | ۷۷ سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ ۳۳ | رکوعاتها ۲

سُورہ مرسلات مکی ہے اس میں پچاس آیات اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ساتھ نام | اللہ کے | وسیع رحمت والا | نہایت رحم والا ہے

اللہ تعالیٰ کے نام سے جو وسیع رحمت والا، نہایت رحم والا ہے

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿١﴾ۙ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿٢﴾ۙ

قسم ہے ان ہواؤں کی جو بھیجی جاتی ہیں | معروف معمول کے مطابق | پھر ان کی جو تیز چلنے والی ہیں | طوفان بن کر

قسم اُن ہواؤں کی! جو معروف معمول کے مطابق بھیجی جاتی ہیں۔(1) پھر اُن کی! جو طوفان بن کر تیز چلنے والی ہیں۔(2)

وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿٣﴾ۙ فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿٤﴾ۙ

اور ان کی جو بادلوں کو پھیلانے والی ہیں | خوب پھیلانا | پھر ان کی جو پھاڑ کر جدا کردینے والی ہیں | پھاڑ کر جدا کرنا

اور اُن کی! جو بادلوں کو پھیلا دینے والی ہیں، خوب پھیلانا (3) پھر اُن کی جو! پھاڑ کر جدا کردینے والی ہیں پھاڑ کر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ۝۵ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ۝۶ اِنَّمَا

پھر ان کی جو ڈالنے والی ہیں یاد (الٰہی) کو عذر کے لیے یا ڈرانے کے لیے بلاشبہ وہ

جدا کرنا۔(4) پھر اُن کی جو اللہ کی یاد ڈالنے والی ہیں۔(5) عذر کے لیے یا ڈرانے کے لئے۔(6) بلاشبہ

تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ۝۷ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ۝۸

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے لازماً واقع ہونے والی ہے پھر جب ستارے مٹا دیے جائیں گے

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ لازماً واقع ہونے والی ہے۔(7) پھر جب ستارے مٹا دیے جائیں گے۔(8)

وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ۝۹ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ۝۱۰

اور جب آسمان کھولا جائے گا اور جب پہاڑ اڑا دیے جائیں گے

اور جب آسمان کھولا جائے گا۔(9) اور جب پہاڑ اُڑا دیے جائیں گے۔(10)

وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ۝۱۱ لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ۝۱۲

اور جب رسول وقت مقرر کیا گیا کس دن کے لیے مہلت دی گئی تھی

اور جب رسول (اس وقت جمع کیے جائیں گے) جو مقرر کیا گیا۔(11) کس دن کے لیے مہلت دی گئی تھی؟(12)

لِيَوْمِ الْفَصْلِ ۝۱۳ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۝۱۴

فیصلے کے دن کے لیے اور کس نے تمھیں معلوم کروایا کیا ہے دن فیصلے کا

فیصلے کے دن کے لیے۔(13) اور تمھیں کس چیز نے معلوم کروایا کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟(14)

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۵ اَلَمْ نُهْلِكِ

بڑی تباہی ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لیے کیا نہیں ہلاک کیا ہم نے

اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(15) کیا ہم نے

الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۶ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ۝۱۷ كَذٰلِكَ

پہلوں کو پھر ہم ان ہی کے پیچھے لاتے ہیں دوسروں کو اسی طرح

پہلوں کو ہلاک نہیں کیا؟(16) پھر ہم اُن ہی کے پیچھے دوسروں کو لاتے ہیں۔(17)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نَفْعَلُ	بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٨﴾	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٩﴾
ہم کرتے ہیں	مجرموں کے ساتھ	بڑی تباہی ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے

ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کرتے ہیں۔(18) اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(19)

اَلَمْ	نَخْلُقْكُّمْ	مِّنْ مَّآءٍ	مَّهِيْنٍ ﴿٢٠﴾	فَجَعَلْنٰهُ
کیا نہیں	ہم نے پیدا کیا تمہیں	ایک پانی سے	حقیر	پھر کیا ہم نے اس کو

کیا ہم نے تمہیں ایک حقیر پانی سے پیدا نہیں کیا؟ (20) پھر ہم نے اُسے

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿٢١﴾	اِلٰى	قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٢٢﴾	فَقَدَرْنَا	فَنِعْمَ
محفوظ جگہ میں	تک	معلوم اندازے	پس اندازہ کیا ہم نے	تو کیا ہی خوب

ایک محفوظ جگہ میں رکھا۔(21) معلوم اندازے تک۔(22) پس ہم نے اندازہ کیا تو

الْقٰدِرُوْنَ ﴿٢٣﴾	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٤﴾	اَلَمْ
اندازہ کرنے والے ہیں	بڑی تباہی ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	کیا نہیں

ہم کیا ہی خوب اندازہ کرنے والے ہیں۔(23) اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(24) کیا

نَجْعَلِ	الْاَرْضَ	كِفَاتًا ﴿٢٥﴾	اَحْيَآءً	وَّاَمْوَاتًا ﴿٢٦﴾	وَّجَعَلْنَا
ہم نے بنایا	زمین کو	سمیٹنے والی	زندوں کو	اور مردوں کو بھی	اور بنائے ہم نے

ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟ (25) زندوں کو اور مُردوں کو بھی۔(26) اور اُس میں

فِيْهَا	رَوَاسِيَ	شٰمِخٰتٍ	وَّاَسْقَيْنٰكُمْ	مَّآءً	فُرَاتًا ﴿٢٧﴾
اس میں	پہاڑ	بلند و بالا	اور پلایا ہم نے تمہیں	پانی	میٹھا

ہم نے بُلند و بالا پہاڑ بنائے اور ہم نے تمہیں میٹھا پانی پلایا۔(27)

وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٨﴾	اِنْطَلِقُوْٓا	اِلٰى	مَا
بڑی تباہی ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	تم چلو	طرف	اس چیز کی

اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(28) تم چلو اُس کی طرف جس کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ

تھے تم | ساتھ اس کے | جھٹلاتے | تم چلو | طرف | ایک سائے کی

تم جھٹلاتے تھے۔(29) تم چلو ایک سائے کی طرف

ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿٣٠﴾ لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿٣١﴾

جو تین شاخوں والا ہے | نہ سایہ کرنے والا ہے | اور نہ | وہ کام آسکتا ہے | شعلوں سے

جو تین شاخوں والا ہے۔(30) نہ سایہ کرنے والا ہے اور نہ وہ شعلوں سے (بچانے کے) کام آسکتا ہے۔(31)

اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿٣٢﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿٣٣﴾

بلاشبہ وہ | پھینکے گی | چنگاریاں | محل جیسی | گویا کہ وہ | اونٹ ہیں | زرد

بلاشبہ وہ آگ محل جیسی چنگاریاں پھینکے گی۔(32) گویا وہ زرد اُونٹ ہیں۔(33)

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٤﴾ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿٣٥﴾

بڑی تباہی ہے | اس روز | جھٹلانے والوں کے لیے | یہ | دن | وہ نہیں بولیں گے

اُس روز جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(34) یہ دن ہے جس میں وہ کچھ نہیں بولیں گے۔(35)

وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

اور نہ | اجازت دی جائے گی | انھیں | کہ وہ معذرت پیش کریں | بڑی تباہی ہے | اس دن

اور نہ ہی اُنھیں اجازت دی جائے گی کہ وہ معذرت پیش کریں۔(36) اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٣٧﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنٰكُمْ

جھٹلانے والوں کے لیے | یہ | دن ہے | فیصلے کا | جمع کر لیا ہم نے تمھیں

بڑی تباہی ہے۔(37) یہ فیصلے کا دن ہے، ہم نے تمھیں اور پہلوں کو

وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿٣٩﴾ وَيْلٌ

اور پہلوں کو | تو اگر | ہو | تمھارے پاس | کوئی تدبیر | تو وہ تدبیر کرو مجھ سے | بڑی تباہی ہے

جمع کر لیا ہے۔(38) تو تمھارے پاس اگر کوئی خفیہ تدبیر ہے تو میرے ساتھ وہ تدبیر کر دیکھو۔(39) اُس دن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يَّوۡمَىِٕذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۴۰ اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ ظِلٰلٍ وَّعُيُوۡنٍ ۴۱

اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | بلاشبہ | متقی لوگ | سایوں میں | اور چشموں میں ہوں گے

جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(40) بلاشبہ متقی لوگ سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔(41)

وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشۡتَهُوۡنَ ۴۲ كُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا هَنِيۡٓــًٔا

اور پھلوں میں | اس میں سے جن کی | وہ خواہش کریں گے | کھاؤ | اور پیو | مزے سے

اور اُن پھلوں میں جن کی وہ خواہش کریں گے۔(42) مزے سے کھاؤ اور پیو

بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۴۳ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجۡزِى

اس کے بدلے میں جو | تھے تم | عمل کیا کرتے | بلاشبہ | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں

اُن (نیک) اعمال کے بدلے میں جو تم عمل کیا کرتے تھے۔(43) بلاشبہ ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی

الۡمُحۡسِنِيۡنَ ۴۴ وَيۡلٌ يَّوۡمَىِٕذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۴۵ كُلُوۡا وَتَمَتَّعُوۡا

نیک لوگوں کو | بڑی تباہی ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | کھالو | اور فائدہ اٹھالو

بدلہ دیتے ہیں (مگر)(44) اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(45) سو تم کھالو اور تھوڑا سا

قَلِيۡلًا اِنَّكُمۡ مُّجۡرِمُوۡنَ ۴۶ وَيۡلٌ يَّوۡمَىِٕذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۴۷

تھوڑا سا | بلاشبہ تم ہی | مجرم ہو | بڑی تباہی ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے

فائدہ اُٹھالو، بلاشبہ تم ہی مجرم ہو۔(46) اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے۔(47)

وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمُ ارۡكَعُوۡا لَا يَرۡكَعُوۡنَ ۴۸ وَيۡلٌ يَّوۡمَىِٕذٍ

اور جب | کہا جاتا ہے | ان سے | جھک جاؤ | نہیں | وہ جھکتے | بڑی تباہی ہے | اس دن

اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ جھک جاؤ تو وہ نہیں جھکتے۔(48) اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے

لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۴۹ فَبِاَىِّ حَدِيۡثٍۢ بَعۡدَهٗ يُؤۡمِنُوۡنَ ۵۰

جھٹلانے والوں کے لیے | پھر کس | کلام پر | اس کے بعد | وہ ایمان لائیں گے

بڑی تباہی ہے۔(49) پھر اس کے بعد وہ کس کلام پر ایمان لائیں گے؟(50)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “